## ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے کارکن محمد خرم کی شہادت پر جناب الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن۔۔۔29 جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 183 کے کارکن محمد خرم کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان جناب الطاف حسین نے شہید کی تحریکی خدمات پر انہیں ربردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔انہوں نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ شہید کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔( آمین )

## ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے کارکن محمد خرم کا قتل شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش ہے،رابطہ کمیٹی
## محمد خرم کے بہیمانہ قتل کا نوٹس لیا جائے واقعہ میں ملوث جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے سخت سے سخت دی جائے
## شہید کے سوگوار لواحقین سے رابطہ کمیٹی کا دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار

کراچی:۔۔۔28 جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے رابطہ کمیٹی نے دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 183 کے کارکن محمد خرم کی بہیمانہ شہادت کی سخت ترین الفاظ مذمت کی ہے اور واقعہ کو شہر کا پرامن ماحول خراب کرنے کی سازش قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے جس میں اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر رحمت کا نازول فرماتا ہے اس مبارک مہینے میں بھی سفاک دہشت اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے کراچی کے پرامن حالات کو خراب کرنے کیلئے گھناؤنی سازشیں کررہے تاکہ شہر میں قتل و غارت گری کا ہوا دی جاسکے۔انہوں نے کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ قانون نفاذ کرنے والے ادارے سفاک دہشت گردوں کے سامنے خاموش تماشائی بنے ہوئے یہی وجہ ہے کہ دہشت گرد عناصر ایم کیوایم کے کارکنان و ہمدردوں اور بے گناہ معصوم شہریوں کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنارہے ہیں خرم شہید کا قتل بھی اس سلسلے کی کڑی ہے۔انہوں نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ،گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد سے مطالبہ کیا کہ محمد خرم کے بہیمانہ قتل کا نوٹس لیا جائے اور واقعہ میں ملوث جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت سے سخت دی جائے اور شہریوں کی جان ومال کی حفاظت کیلئے ٹھوس و مثبت اقدامات کئے جائیں۔

## پاکستان کو ترقی کی منازل طے کرانے کیلئے ملک میں مقامی حکومتوں کا نظام رائج کرنا ہوگا،ڈاکٹر فاروق ستار
## کراچی تنظیمی کمیٹی کے زیر اہتمام نوجوانوں کے مابین حسن قرات اور نعت خوانی کے مقابلہ کا انعقاد
## جناب الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جنہوں نے کڑے وقتوں میں بھی متحرک رہ کر قوم کو آگاہی فراہم کی
## KHAلان نیپا چورنگی پر منعقدہ حسنِ قرات اور نعت خوانی کے مقابلے میں اول دوئم اور سوئم پوزیشنیں حاصل کرنے والے نوجوانوں میں تقسیم انعامات کی محفل سے خطاب

کراچی۔۔۔29/جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے زیر اہتمام 9 رمضان المبارک بروز اتوار KHAلان نیپا چورنگی پر نوجوانوں کے مابین حسنِ قرات اور نعت خوانی کا مقابلہ منعقد ہوا جس میں کراچی کے سات سیکٹروں سے تعلق رکھنے والے 28 قاری اور نعت خواں نوجوانوں نے حصہ لیا۔محفل میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر محمد فاروق ستار،اراکین رابطہ کمیٹی افتخار اکبر رندھاوا،نیک محمد اور کیف الوریٰ،حق پرست اراکین قومی حیدر عباس رضوی،رشید گوڈیئل،اقبال محمد علی،حق پرست صوبائی وزراء خالد عمر،فیصل سبزواری،حق پرست ارکان سندھ اسمبلی مزمل قریشی،ڈاکٹر ندیم مقبول،کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی واراکین کے علاوہ پاکستان کرکٹ ٹیم کے نامور کھلاڑی شاہد خان آفریدی کے علاوہ فنکاروں،انیکر پرسن اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔مقابلہ حسنِ قرات اور نعت خوانی میں ججز کے فرائض قاری ناصر یامین،حافظ قاری کلیم اللہ،قاری اعجاز خالد اور حافظ قاری نعمان طاہر نے انجام دیئے۔حسنِ قرات میں پہلی پوزیشن گلشن اقبال سیکٹر کے نوجوان حافظ انصر سمیع،دوئم پوزیشن

سوسائٹی سیکٹر کے قاری فراز علی اور سوئم پوزیشن لائیز ایریا سیکٹر کے حافظ نعمان قادری نے حاصل کی جبکہ نعت خوانی کے مقابلے میں اسکیم 33 گلشن معمار سیکٹر کے نوجوان خرم صابری نے اول پوزیشن، دوسری پوزیشن پی آئی بی کالونی سیکٹر کے سلمان احمد سہروردی اور تیسری پوزیشن پی آئی بی کالونی سیکٹر کے رانا عبدالباسط نے حاصل کی۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنونیر و وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے محفل سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اگر پاکستان کو ترقی کی منازل طے کرانی ہے تو ملک میں مقامی حکومتوں کا نظام رائج کرنا ہوگا، ملک کے نوجوانوں میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں اگر کسی چیز کی کمی ہے تو وہ صرف وسائل کی اگر پاکستانی نوجوانوں کو مواقع فراہم کیے جائیں تو وہ اپنے ٹیلنٹ کا استعمال کر کے پوری دنیا میں ملک وقوم کا نام روشن کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گذشتہ 65 برسوں سے پوری قوم نے جاگیردارانہ نظام کے خلاف چپ کا روزہ رکھا تھا اب وہ روزہ کھلنے کا وقت آ گیا ہے اور انشاء اللہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ہی واحد لیڈر ہیں جو یہ روزہ کھلوائینگے اور ملک میں خاموش انقلاب برپا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جو کڑے وقتوں میں بھی متحرک رہ کر قوم کو آگاہی فراہم کرتے ہیں آج پاکستان پر جو خطرات منڈلا رہے ہیں ان خطرات سے جناب الطاف حسین نے قوم کو آگاہی فراہم کر کے اپنے متحرک ہونے کا واضح ثبوت دیدیا ہے، یہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی بصیرت ہے کہ اقتدار کی رسہ کشی کے بجائے صرف اور صرف پاکستان کے مسائل اور ان کے حل کی باتیں کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتہاء پسندی اور دہشت گردی کا جڑ سے خاتمہ کیلئے کمیونٹی پولیس کا نظام رائج کرنے کی ضرورت ہے پوری دنیا نے دیکھا کہ سندھ کے شہری علاقوں میں بلدیاتی نظام کے بعد ریکارڈ ترقی ہوئی اس کی مثال ماضی میں نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ یہ لمحہ فکریہ ہے کہ آج روٹی 8 روپے کی ہے جبکہ آج سے بیس سال قبل یہی روٹی 50 پیسے کی تھی اور موبائل کال 8 روپے کی تھی لیکن آج کال تو پچاس پیسے کی ہے لیکن روٹی غریب عوام کی پہنچ سے دور ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ملک کی معیشت کو بہتر کرنا ہے تو تعلیم صحت پر توجہ دینا ہوگی اور ملک میں روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنا ہونگے۔ انہوں نے حسنِ قرات اور نعت خوانی کے مقابلے میں اول، دوئم اور سوئم پوزیشنیں حاصل کرنے والے نوجوانوں کو اپنی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان میں انعامات تقسیم کیے۔ بعد ازاں کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی نے محفل میں بھرپور شرکت پر تمام مہمانان گرامی کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔

## پاکستان کی بقاء اور سلامتی کی خاطر ہمیں اکٹھے کام کرنا ہوگا، سیف یار خان
## پاکستان کی بقاء اور سلامتی کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، صاحبزادہ حاجی فضل کریم
## ایم کیوایم کے وفد کی JUP کے سربراہ صاحبزادہ حاجی فضل کریم سے ملاقات

فیصل آباد۔۔۔29، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان نے کہا ہے کہ موجودہ وقت میں تمام سیاسی جماعتوں کا ایک میز پر بیٹھنے میں ہی پاکستان کی بقاء اور سلامتی ہے آج پاکستان کے اندرونی حالات بہت زیادہ خراب ہو چکے ہیں ان خطرات کے بارے میں قائد تحریک جناب الطاف حسین نے قوم کو آگاہ بھی کردیا ہے، پاکستان کی بقاء اور سلامتی کے لئے تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کو مل کر بھرپور کوشش کرنی چاہئے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جے یو پی کے سربراہ صاحبزادہ حاجی فضل کریم سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو میں کیا۔ اس موقع پر حق پرست ارکان قومی اسمبلی عبدالقادر خانزادہ، آصف حسنین، ارکان سی ای سی شاہین انور گیلانی، زاہد ملک، میاں توصیف، رکن صوبائی تنظیمی کمیٹی منور حفیظ، فیصل آباد زون کے انچارج شیخ شعیب منظور سہگل اور ڈسٹرکٹ انچارج الطاف حسین بھی موجود تھے۔ سیف یار خان نے کہا کہ ملک اس وقت کسی بھی سیاسی محاذ آرائی کا متحمل نہیں ہوسکتا اور اس سلسلے میں تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کو آگے بڑھنے کی ضرورت ہے کیونکہ سیاسی محاذ آرائی نقصان دے ثابت ہوسکتی ہے لہٰذا موجودہ حالات میں گول میز کانفرنس ضروری ہے یہ وقت ملک کو اندرونی طور پر مضبوط کرنے کا ہے اور اس کیلئے ہم سب کے ساتھ مل کر چلنے کو تیار ہیں اور اسی سلسلے میں ہم صاحبزادہ حاجی فضل کریم سے ملاقات کرنے آئے ہیں اور ان کو گول میز کانفرنس میں شرکت کی دعوت دینے آئے ہیں اور صاحبزادہ فضل کریم نے ہماری بھرپور حوصلہ افزائی کی ہے جس پر ہم ان کا دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اس موقع پر صاحبزادہ حاجی فضل کریم نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہ جناب الطاف حسین کے یک نکاتی ایجنڈے سے متفق ہیں اور پاکستان کی بقاء وسلامتی کیلئے ایم کیوایم کے اس عمل کو ایک اچھا اقدام تصور کرتے ہیں اور پاکستان کی بقاء وسلامتی کیلئے گول میز کانفرنس میں ضرور شریک ہونگے۔ نائن زیرو جانے کے حوالے سے سوال پر انہوں نے کہا کہ مجھے دعوت دی گئی ہے اور میں ضرور جاؤں گا کیونکہ ہماری روح یہاں ہے اور ہمارا دل کراچی میں ڈھڑکتا ہے کیونکہ کراچی حضرت عبداللہ شاہ غازی کی سرزمین ہے۔ جے یو پی کے وفد میں مولانا فضل کریم کے ہمراہ جے یو پی کے مرکزی رہنما بھی موجود تھے۔

## گھوٹکی میں پبلک لائبریری کی دیوار گرنے کے نتیجے میں ایک ہی خاندان کے 4 افراد کے جاں بحق اور متعدد کے زخمی ہونے پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔29، جولائی 2012ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے گھوٹکی کے قریب ڈہرکی میں پبلک لائبریری کی دیوار گرنے کے اندوہناک حادثے میں ایک ہی خاندان کے 4 افراد کے جاں بحق اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں اشفاق منگی نے دیوار گرنے کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے اور زخمیوں افراد کو جلد و مکمل صحت وتندرستی عطا فرمائے۔ (آمین)

## قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہر دور میں رونما ہونے والے خطرات اور اسکے افسوسناک نتائج سے پیشگی قوم کو آگاہ کیا ہے، فرخ اعظم

## ہمیں انتہائی سنجیدگی سے وطن عزیز کی بدلتی ہوئی صورتحال پر غور خوص کرنا چاہئے، نثار پنہور

## ہم جناب الطاف حسین کے تہ دل سے شکر گزار ہیں کہ انھوں نے ان خطرات سے پوری قوم کو آگاہ کیا اور پاکستانی قوم انکا یہ احسان کبھی فراموش نہ کرسکے گی،

## ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی ابراہیم حیدری سیکٹر کے زیر اہتمام اجلاس اور سندھی، بلوچ و دیگر قومیتوں کے معززین سے ملاقات۔

کراچی:۔۔۔29 جولائی، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیر اہتمام ابراہیم حیدری سیکٹر میں ذمہ داران وکارکنان کا اجلاس منعقد ہوا جس میں کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم، جوائنٹ انچارج وصوبائی وزیر نثار احمد پنہور اور محمد سلیم جوکھیو اراکین کمیٹی نے شرکت کی۔ بعدازاں ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم، جوائنٹ انچارج وحق پرست صوبائی وزیر نثار پنہور، جوائنٹ انچارج محمد سلیم جوکھیو اراکین کمیٹی نے مہران ٹاؤن کورنگی میں سندھی، بلوچ اور دیگر قومیتوں سے تعلق رکھنے والے معززین و عمائدین سے ملاقات کی۔ اس موقع پر سندھی و بلوچ اور دیگر کمونیٹوں سے تعلق رکھنے والے معززین وعمائدئن کی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس اور ملاقات سے گفتگو کرتے ہوئے کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم اور جوائنٹ انچارج وحق پرست صوبائی وزیر نثار پنہور نے کہا کہ پاکستان اس وقت انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اور وطن عزیز کی سلامتی وسالمیت کو بیرونی واندرونی خطرات لاحق ہیں، ایسے حالات میں ہر محبّ وطن پاکستانی کا فرض ہے کہ وہ حالات کی سنگینی کا بغور جائزہ لے اور ملک کی سلامتی کو لاحق شدید خطرات کے سامنے سیسہ پلائی دیوار کا کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہر دور میں رونما ہونے والے واقعات وسانحات کے خطرات اور اسکے افسوسناک نتیجے سے پیشگی قوم کو آگاہ کیا ہے لہٰذا اس بار جبکہ قائد تحریک نے انتہائی فکر انگیز لیکچر کے ذریعے ایم کیوایم کے کارکنان وذمہ داران اور پوری قوم کو پاکستان کی وحدانیت پر منڈلانے والے خطرات سے آگاہ کیا ہے تو ہمیں انتہائی سنجیدگی سے وطن عزیز کی بدلتی ہوئی صورتحال پر غور خوص کرنا چاہئے۔ انھوں نے کہا کہ اب ہماری یہ ذمہ داری ہے کہ پاکستان کی بقاء اور سلامتی کی خاطر تمام سیاسی نظریات سے بالاتر ہوکر متحد ومنظّم ہوجائیں۔ اس موقع پر معززین وعمائدین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین نے ملک کے مخلص اور سچے رہنما ہیں ہم جناب الطاف حسین کی سیاسی بصیرت اور دوراندیشی سے قائل ہیں اور ایم کیوایم قائد کا تہہ دل سے شکر گزار ہیں۔ انہوں نے ان خطرات سے پوری قوم کا آگاہ کیا اور پاکستانی قوم انکا یہ احسان کبھی فرمواش نہ کرسکے گی۔

## قومی ہاکی ٹیم کے سابق کپتان اور کوچ اصلاح الدین کی خوشدامن کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔29، جولائی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے قومی ہاکی ٹیم کے سابق کپتان اور کوچ اصلاح الدین صدیقی کی خوشدامن محترمہ رئیسہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)۔

## رحیم یار خان میں صنیفاں بی بی پر ظلم وزیادتی کا فوری نوٹس لیا جائے، ڈاکٹر ندیم احسان اور خواجہ سہیل منصور

## خواتین پر ہونے والے مظالم کی روک تھام کیلئے فوری حکمت عملی ترتیب دی جائے

## ایسے واقعات سے پاکستان کا نام پوری دنیا میں داغدار ہورہا ہے

کراچی:۔۔۔29، جولائی2012ء

حق پرست وفاقی وزیر مملکت ڈاکٹر ندیم احسان اور رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل منصور نے جنوبی پنجاب کے شہر رحیم یار خان میں جاگیرداروں کی جانب سے صنیفاں بی بی کو سات روز تک یرغمال بنائے رکھنے اور زیادتی کا نشانہ بنانے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت ہے اور واقعہ کو کھلی درندگی قرادیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں ڈاکٹر ندیم احسان اور خواجہ سہیل منصور نے کہا کہ اس قسم کے بڑھتے ہوئے واقعات بحیثیت پاکستانی ہمارے لئے باعث شرم ہے اور ایسے عمل سے پاکستان کا نام پوری دنیا میں خراب ہورہا ہے۔انہوں نے کہا کہ زیادتی کا نشانہ بنانے والے جاگیردار کے خلاف ایف آئی آر درج کردی گئی ہے لیکن اب تک پولیس وانتظامیہ کی جانب سے کوئی بھرپور کارروائی کا سامنے نہ آنا پنجاب پولیس کے لئے لمحہ فکریہ ہے اور اس بات کا بھی اندازہ ہوجاتا ہے کہ ہمارے ملک میں جاگیردار وڈیرے کتنے بااثر ہیں۔انہوں نے کہا کہ خواتین پر ظلم وزیادتی کے خلاف بل منظور ہونے کے باوجود جاگیرداروں اور وڈیروں کیلئے وہ صرف کاغذ کا ایک ٹکڑا ہے، جب چاہتے ہیں اسمبلی سے منظور شدہ بل کی دھجیاں بکھیر دیتے ہیں۔ڈاکٹر ندیم احسان اور خواجہ سہیل منصور نے صدر مملکت جناب آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان جناب راجہ پرویز اشرف، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر پنجاب عبدالطیف کھوسہ اور وزیر اعلیٰ پنجاب میاں محمد شہباز شریف سے اپیل کی ہے کہ وہ رحیم یار خان میں صنیفاں بی بی کے ساتھ ہونے والی ظلم وزیادتی کا فوری نوٹس لیں اور اس واقعہ میں ملوث افراد کو قرار واقعی سزادی جائے اور خواتین پر ہونے والے مظالم کے واقعات کی روک تھام کیلئے موثر اور مربوط حکمت عملی ترتیب دی جائے۔انہوں نے متاثرہ خاتون اور ان کے اہل خانہ سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے یقین دلایا کہ ایم کیوایم ان کے ساتھ ہے

## پاکستان سے بھارت کے ریلوے ٹریک پر ’’نٹ بولٹ‘‘ کے غائب ہونے کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، اراکین سندھ اسمبلی

کراچی:۔۔۔29، جولائی2012ء

حق پرست ارکان سندھ اسمبلی مقیم عالم اور طاہر قریشی نے پاکستان ریلوے ٹریک کی خستہ حالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ ریلوے ٹریک کی تزین وآرائش اور مرمت کیلئے فی الفور اقدامات کیے جائیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ناقص پالیسیوں کے سبب پاکستان ریلوے شدید بحرانوں کا شکار ہے اور اہم ریلوے ٹریک ٹوٹ پھوٹ گئے ہیں جبکہ گزشتہ چند سالوں کے دوران متعدد مسافر ٹرینیں بند کردی گئی ہیں اور باقی ماندہ ٹرینوں کو فیول کی فراہمی بھی تعطل کا شکار ہے جس کے باعث مسافروں کو دوران سفر شدید مشکلات و پریشانیوں کا سامنا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب پاکستان ریلوے شدید بحران کا شکار ہے اور تباہی کے دہانے پر کھڑی ہے جبکہ دوسری جانب پاکستان سے بھارت جانیوالی تھر ایکسپریس کے ریلوے ٹریک پر نٹ بولٹ ہی غائب ہیں جو کسی بھی بڑے حادثے کا سبب بن سکتے ہیں۔مقیم عالم اور طاہر قریشی نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف سے مطالبہ کیا کہ پاکستان سے بھارت کے ریلوے ٹریک پر نٹ بولٹ کے غائب ہونے کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت ترین قانونی کارروائی کی جائے۔

## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی کی پاکستان کے معروف اداکار لہری کی کراچی کے مقامی اسپتال میں عیادت، قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے نیک خواہشات کا پیغام پہنچایا اور خیریت دریافت کی

## دکھ کی گھڑی میں مجھے انہوں نے یاد کھا جس پر میں جناب الطاف حسین کو شکر گزار ہوں، اداکار لہری

کراچی۔۔۔29 جولائی2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی نے پاکستان کے معروف اداکار لہری کی کراچی کے مقامی اسپتال میں جاکر عیادت کی۔رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی نے اداکار لہری کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے نیک خواہشات کا پیغام پہنچایا اور خیریت دریافت کی۔اداکار لہری نے ایم کیوایم کے قائد کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی گھڑی میں مجھے انہوں نے یاد کھا جس پر میں جناب الطاف حسین کا شکر گزار ہوں۔اس موقع پر اداکار لہری کے صاحبزادے مہران بھی موجود تھے۔بعدازاں انہوں نے اداکار لہری کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔

## نیشنل بینک آف پاکستان یونٹ کی تنظیم نو کر کے نئے ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کردیا گیا ہے

## جناب الطاف حسین کی شخصیت پاکستان بھر کے مظلوموں کی ترجمانی کرتی ہے، کاظم رضا

## اسد علی کاظمی اور ارشد انصاری کا نیشنل بینک یونٹ کے کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔۔29/جولائی 2012ء

ایم کیو ایم لیبر ڈویژن نے نیشنل بینک آف پاکستان یونٹ کی تنظیم نو کر کے نئے ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کردیا ہے یہ اعلان ایم کیو ایم لیبر ڈویژن کے انچارج کاظم رضا نے گزشتہ روز کیا۔اس سلسلے میں نیشنل بینک یونٹ کا جنرل ورکرز اجلاس منعقد کیا گیا جس میں کراچی کی نیشنل بینک کی مختلف برانچوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔اجلاس میں لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارجز اسد علی کاظمی ،ارشد انصاری، اراکین آصف صدیقی اور زوار حسین نے بھی شرکت کی اور شرکاء سے اظہار خیال کیا۔جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انچارج لیبر ڈویژن کاظم رضا نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی شخصیت پاکستان بھر کے مظلوموں کی ترجمانی کرتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ پاکستان کے چپے چپے سے لوگ جوق در جوق متحدہ قومی موومنٹ کے قافلے میں شامل ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک پر 64 برسوں سے ظالمانہ وڈیرانہ اور جاگیردارانہ نظام نے پاکستان کی غریب عوام کو بدترین ظلم چکی میں پیسا ہوا ہے اور صرف جناب الطاف حسین کی شخصیت ہے جس نے اس ظلم کے خلاف آوازِ حق بلند کی اور عملی جدوجہد کے ذریعے فرسودہ نظام کو ختم کرنے کی بھرپور کوششیں کیں۔انہوں نے نیشنل بینک یونٹ کے نئے ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کرتے ہوئے انہیں مبارکباد پیش کی اور کہا کہ اب ان پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ جناب الطاف حسین فکر و فلسفے ان کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے بلاامتیاز رنگ و نسل محنت کشوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں۔اجلاس سے اسد علی کاظمی اور ارشد انصاری نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم واحد جماعت ہے جس نے غریب و مڈل کلاس طبقے سے جنم لیا،اس کے قائد جناب الطاف حسین خود متوسطہ طبقے سے تعلق رکھتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ جناب الطاف حسین نے ملک کے غریب و متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے عوام کو ایک پلیٹ فارم پر متحد و منظّم کیا۔انہوں نے کہا کہ آج متحدہ قومی موومنٹ پورے پاکستان کی ایک بڑی جماعت بن چکی ہے۔انہوں نے نومنتخب ذمہ داران کو مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو پوری ایمانداری اور دیانتداری سے انجام دینگے۔

☆☆☆☆☆